# Media Update

4 July 2021

# UNICEF-WHO

PRESS RELEASE

## 2.5 million doses of COVID-19 vaccine supplied through COVAX start being rolled out in Pakistan

***The US-donated vaccines were delivered by the COVAX facility, the global COVID-19 vaccine equity scheme,*** *as part of its dose-sharing mechanism**.***

**ISLAMABAD, 4 July 2021 –** Today 2.5 million doses of Moderna (mRNA-1273) COVID-19 vaccines supplied through the COVAX Facility's dose-sharing mechanism, and donated by the United States, started being distributed by the Government of Pakistan to vaccinate priority groups across the country, in line with the National Deployment and Vaccination Plan.

So far three million people have been fully vaccinated and 13.5 million partially vaccinated in Pakistan, using vaccines which the Government procured through COVAX or through bilateral agreements. More than 960,000 cases of COVID-19 have been reported in the country since the start of the outbreak and at least 22,379 people have succumbed to the disease.

"WHO applauds Pakistan's achievement of effectively scaling-up its vaccination campaign across the country. The available COVID-19 vaccines have been equitably distributed and have reached even the remotest areas of Pakistan, protecting millions. Science, solutions and solidarity have been the tools for addressing the biggest health threat of the past century. We thank the Government of United States for showing their solidarity through this donation," **said Dr Palitha Mahipala, WHO Representative in Pakistan.** "WHO will continue supporting the Government of Pakistan to swiftly and safely administer the donated doses of vaccines and advocate with

COVAX partners for the provision of sufficient vaccines to reach all vulnerable populations."

The arrival of this consignment is welcome news as the latest wave of *COVID-19* has had a devastating impact on children and their families in South Asia. There is an urgent need to intensify efforts and take additional steps to close gaps and strengthen essential health services to protect the most vulnerable families.

In the spirit of solidarity, well-supplied countries are allocating extra doses of COVID-19 vaccines for low- and middle- income countries. This can help limit the spread of COVID-19, prevent new variants from emerging and ensure that vaccines can be allocated equitably to countries.

"UNICEF thanks the Government of United States for its generous donation of the vaccines to Pakistan through the COVAX facility and looks forward to more vaccines being available in the country as other COVAX partners share their excess doses of vaccines" **said Aida Girma, UNICEF Representative in Pakistan**. "Only global solidarity can help curb the pandemic. When the virus spreads anywhere, it poses a threat everywhere — especially as it mutates into deadlier or more contagious variants. UNICEF will continue to procure and supply safe, effective and affordable COVID-19 vaccines in low- and middle-income countries, on behalf of COVAX, and to support the Government of Pakistan in ensuring an efficient and effective roll-out of the vaccination campaign through procurement services of essential COVID-19 supplies; expansion of cold chain capacity to ensure safe storage of vaccines; and risk communication and community engagement to increase vaccine uptake and ensure adherence to COVID-19 safety measures."

Strictly complying with COVID-19 safety measures remains crucial to curb the spread of virus. These
include regularly washing hands with soap for at least 20 seconds or use a sanitizer; wear a mask; remain at least six feet away from other people; avoid crowded places; and stay home when having COVID-19 symptoms.

"At this time of constrained global supply, we are delighted to see dose-sharing pledges translated into immediate deliveries through the COVAX Facility and today's shipment means we can now reach and protect those most at risk in Pakistan." **said Mario Jimenez, Gavi Programme Manager for Pakistan.** "The only way we will beat this pandemic is as one global community acting together."

The COVAX Facility aims to help address the acute phase of the global pandemic by the end of 2021 by providing rapid, fair, and equitable access to approved vaccines to all participating countries, regardless of income level. It enables the protection of frontline health care and social workers, as well as other high-risk and vulnerable groups.

COVAX (COVID-19 Vaccines Global Access) is co-led by Gavi, the Coalition for Epidemic Preparedness Innovations (CEPI) and WHO, together with UNICEF. It is funded thanks to generous support from partner governments, foundations, and private sector corporations. So far it has delivered more than 90 million doses of different COVID-19 vaccines to 133 countries and territories around the world.

###

*For more information, please contact*

**UNICEF**

Catherine Weibel, UNICEF Pakistan, cweibel@unicef.org, +92 300 500 2592

Abdul Sami Malik, UNICEF Pakistan, asmalik@unicef.org, +92 300 855 6654

**WHO**

*Maryam Yunus, WHO Pakistan, yunusm@who.int, +92 300 8441744*

***

## Notes to editors

So far donors to the COVAX Advance Market Commitment include Austria, Belgium, Denmark, Estonia, France, Germany, Greece, Iceland, Ireland, Italy, Luxembourg, Netherlands, Norway, Spain, Sweden, European Union, Australia, Bhutan, Canada, Colombia, Japan, Korea, Kuwait, Monaco, New Zealand, Qatar, Saudi Arabia, Singapore, Switzerland, United Kingdom, United States, Anonymous Foundation, Bill & Melinda Gates Foundation, KS Relief/Gamers Without Borders, Mastercard, Medline International, Nikkei Inc., Reed Hastings and Patty Quillin, Shell, Thistledown Foundation, TikTok, Transferwise, Soccer Aid.

The list of donor pledges to COVAX AMC is available here.

**About COVAX**

COVAX, the vaccines pillar of the Access to COVID-19 Tools (ACT) Accelerator, is co-led by CEPI, Gavi and WHO – working in partnership with developed and developing country vaccine manufacturers, UNICEF, the World Bank, and others. It is the only global initiative that is working with governments and manufacturers to ensure COVID-19 vaccines are available worldwide to both higher-income and lower-income countries.

**CEPI** is leading on the COVAX vaccine research and development portfolio, investing in R&D across a variety of promising candidates, with the goal to support development of three safe and effective vaccines which can be made available to countries participating in the COVAX Facility. As part of this work, CEPI has secured first right of refusal to potentially over one

billion doses for the COVAX Facility to a number of candidates, and made strategic investments in vaccine manufacturing, which includes reserving capacity to manufacture doses of COVAX vaccines at a network of facilities, and securing glass vials to hold 2 billion doses of vaccine. CEPI is also investing in the 'next generation' of vaccine candidates, which will give the world additional options to control COVID-19 in the future.

**Gavi** leads on procurement and delivery at scale for COVAX: designing and managing the COVAX Facility and the Gavi COVAX AMC and working with its traditional Alliance partners UNICEF and WHO, along with governments, on country readiness and delivery. As part of this role, Gavi hosts the Office of the COVAX Facility to coordinate the operation and governance of the mechanism as a whole, holds financial and legal relationships with 193 Facility participants, and manages the COVAX Facility deals portfolio: negotiating advance purchase agreements with manufacturers of promising vaccine candidates to secure doses on behalf of all COVAX Facility participants. Gavi also coordinates design, operationalisation and fundraising for the Gavi COVAX AMC, the mechanism that provides access to donor-funded doses of vaccine to 92 lower-income economies. As part of this work, Gavi provides funding and oversight for UNICEF procurement and delivery of vaccines to all AMC participants – operationalising the advance purchase agreements between Gavi and manufacturers – as well as support for partners' and governments work on readiness and delivery. This includes tailored support to governments, UNICEF, WHO and other partners for cold chain equipment, technical assistance, syringes, vehicles, and other aspects of the vastly complex logistical operation for delivery. Gavi also co-designed, raises funds for and supports the operationalisation of the AMC's no-fault compensation mechanism as well as the COVAX Humanitarian Buffer.

**WHO** has multiple roles within COVAX: It provides normative guidance on vaccine policy, regulation, safety, R&D, allocation, and country readiness and delivery. Its Strategic Advisory Group of Experts (SAGE) on Immunization develops evidence-based immunization policy recommendations. Its Emergency Use Listing (EUL)/prequalification programmes ensure harmonized review and authorization across member states. It provides global coordination and member state support on vaccine safety monitoring. It developed the target product profiles for COVID-19 vaccines and provides R&D technical coordination. WHO leads, along with UNICEF, the support to countries as they prepare to receive and administer vaccines. The Country Readiness and Delivery (CRD) workstream includes Gavi and numerous other partners working at the global, regional, and country-level to provide tools, guidance, monitoring, and on the ground technical assistance for the planning and roll-out of the vaccines. Along with COVAX partners, WHO is also developing a no-fault compensation scheme as part of the time-limited indemnification and liability commitments.

**UNICEF** is leveraging its experience as the largest single vaccine buyer in the world and working with manufacturers and partners on the procurement of COVID-19 vaccine doses, as well as freight, logistics and storage. UNICEF already procures more than 2 billion doses of vaccines annually for routine immunization and outbreak response on behalf of nearly 100 countries. In collaboration with the PAHO Revolving Fund, UNICEF is leading efforts to procure and supply doses of COVID-19 vaccines for COVAX. In addition, UNICEF, Gavi and WHO are working with governments around the clock to ensure that countries are ready to receive the vaccines, with appropriate cold chain equipment in place and health workers trained to dispense them. UNICEF is also playing a lead role in efforts to foster trust in vaccines, delivering vaccine confidence communications and tracking and addressing misinformation around the world.

###

**About Gavi, the Vaccine Alliance**

Gavi, the Vaccine Alliance is a public-private partnership that helps vaccinate half the world's

children against some of the world's deadliest diseases. Since its inception in 2000, Gavi has helped to immunise a whole generation – over 822 million children – and prevented more than 14 million deaths, helping to halve child mortality in 73 lower-income countries. Gavi also plays a key role in improving global health security by supporting health systems as well as funding global stockpiles for Ebola, cholera, meningitis and yellow fever vaccines. After two decades of progress, Gavi is now focused on protecting the next generation and reaching the unvaccinated children still being left behind, employing innovative finance and the latest technology – from drones to biometrics – to save millions more lives, prevent outbreaks before they can spread and help countries on the road to self-sufficiency. Learn more at www.gavi.org and connect with us on Facebook and Twitter.

The Vaccine Alliance brings together developing country and donor governments, the World Health Organization, UNICEF, the World Bank, the vaccine industry, technical agencies, civil society, the Bill & Melinda Gates Foundation and other private sector partners. View the full list of donor governments and other leading organizations that fund Gavi's work here.

**About UNICEF**

UNICEF works in some of the world's toughest places, to reach the world's most disadvantaged children. Across 190 countries and territories, we work for every child, everywhere, to build a better world for everyone. For more information about UNICEF and its work for children, visit www.unicef.org and www.unicef.org/pakistan. For more information about COVID-19, visit www.unicef.org/coronavirus. Find out more about UNICEF's work on the COVID-19 vaccines here, or about UNICEF's work on immunization here. Follow UNICEF Pakistan on Twitter, Facebook and Instagram.

**About WHO**

The World Health Organization provides global leadership in public health within the United Nations system. Founded in 1948, WHO works with 194 Member States, across six regions and from more than 150 offices, to promote health, keep the world safe and serve the vulnerable. Our goal for 2019-2023 is to ensure that a billion more people have universal health coverage, to protect a billion more people from health emergencies, and provide a further billion people with better health and wellbeing.

For updates on COVID-19 and public health advice to protect yourself from coronavirus, visit www.who.int and follow WHO on Twitter, Facebook, Instagram, LinkedIn, TikTok, Pinterest, Snapchat, YouTube. Follow WHO Pakistan on Twitter and Facebook.

امریکہ کی جانب سے عطیہ کردہ ویکسین اسلام آباد میں کوویکس کی سہولت یعنی عالمی کووڈ-19 ویکسین ایکویٹی اسکیم کے ذریعے فراہم کردی گئی ہے۔ موجودہ کھیپ ویکسین کی خوراک تقسیم کرنے کے طے شدہ طریقہ کار کے حصے کے طور پر فراہم گئی۔

**اسلام آباد، 3 جون 2021**– آج کوویکس کی سہولت کے ذریعے ویکسین کی خوراک ویکسین کی خوراک تقسیم کرنے کے طریقہ کار کی مدد سے ماڈرنا (ایمآر این اے-1273) کووڈ -19 ویکسین کی 2.5 ملین خوراکوں کی کھیپ اسلام آباد پہنچ گئی ۔ امریکہ کی جانب سے عطیہ کی گئی ویکسین پاکستان میں قومی سطح پر فراہم کی جائے گی اور ویکسین لگانے کے منصوبے کی روشنی میں ترجیجی گروہوں کو ٹیکوں کی مدد سے لگائی جائے گی۔

رواں سال مئی میں اوکسفرڈ-اسٹرازینکا کوویڈ-19 ویکسین کی 1،2 ملین خوراکوں کی پہلی کھیپ اسلام آباد پہنچائی گئی تھی۔عالمی کووڈ ویکسین ایکویٹی سکیم کے تحت پاکستان 20 فیصد آبادی آبادی کو ویکسین لگاپائے گا۔

اب تک پاکستان میں تقریبا تیس لاکھ افراد کو مکمل طور پر کووڈ ویکسین کے ٹیکے لگائے جا چکے ہیں اور ایک کروڑ بیس لاکھ کو جزوی طور پر ویکسین لگائی جاچکی ہے۔ اس دوران وہ ویکسین استعمال کی گئی ہے جو حکومت نے کوویکس کے ذریعے یا دوطرفہ معاہدوں کی بناپر حاصل کی ہے۔اس عالمی وبا کے آغاز سے اب تک ملک میں کووڈ-19 کے تقریبا9 لاکھ 60 ہزار کیسز رپورٹ ہوئے ہیں اور کم از کم 22,379 افراد اس بیماری کا شکار ہو چکے ہیں۔

”عالمی ادارہ صحت ویکسین لگانے کی مہم انتہائی موثر انداز میں چلانے کے کارنامے پر حکومتِ پاکستان کی کارکردگی کو تہہ دل سے سراہتا ہے۔پاکستان نے ملک میں دستیاب کووڈ-19 ویکسین کو برابری کے اصول کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تقسیم کیا ہے اور اسی طرح یہ پاکستان کے ان دور دراز علاقوں تک بھی پہنچ پائی ہے۔اس سے لاکھوں افراد کو کورونا جیسی وبا سے تحفظ حاصل ہوا ہے۔سائنسی حل اور مختلف ممالک کے مابین یکجہتی کی وجہ سے صدی کے صحت کے سب سے بڑے خطرے سے نمٹنے میں مدد ملی ہے“۔
پاکستان میں ڈبلیو ایچ او کی نمائندہ ڈاکٹر **پلیتھا مہیپالا** نے اس موقع پر کہا۔
اپنی بات جاری رکھتے ہوئے انہوں نے مزید کہا: ”ہم اس عطیے کے ذریعے یکجہتی اور خیر سگالی کا مظاہرہ کرنے پر امریکی حکومت کا دلی شکریہ ادا کرتے ہیں“۔انہوں نے زور دیا کہ ڈبلیو ایچ او حکومت پاکستان کی مدد جاری رکھے گا کہ وہ لوگ کو ویکسین کی عطیہ کردہ خوراکیں تیز رفتار، موثر اور محفوظ طریقے سے فراہم کرے اور خطرات کا شکار تمام آبادیوں تک پہنچائے۔ انہوں نے پاکستان پر زور دیا: حکومت کو چاہیے کہ وہ ویکسین خاطر خواہ مقدار کی فراہمی کے لئے کوویکس کے شراکت داروں کے ساتھ بات چیت کا سلسلہ آگے بڑھائے۔

اس موقع پر موجودہ کھیپ کی آمد کسی خوشخبری سے کم نہیں کیونکہ کووڈ-19 کی تازہ ترین لہر نے جنوبی ایشیا میں بچوں اور ان کے اہل خانہ پر تباہ کن اثرات مرتب کئے ہیں۔ انتہائی کمزور خاندانوں کے تحفظ کے لئے کوششیں تیز تر کرنے ، اس وقت تک باقی رہ جانے والے خلا پر کرنے اور صحت کی ضروری سہولیات فراہم کرنے کے عمل کو مضبوط تر بنانے کے لئے اضافی اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے۔
یکجہتی اور خیر سگالی کے جذبے کے تحت وہ ممالک جن کے پاس ویکسین کی زیادہ خوراکیں موجود ہیں وہ کم اور درمیانی آمدنی والے ممالک کو عطیہ کر رہے ہیں۔اس سے کووڈ-19 کے پھیلاؤ کے میں کمی لانے میں مدد مل سکتی ہے اور کورونا وائرس کے نئی اقسام کو ظاہر ہونے سے روک کر یہ یقینی بنایا جاسکتا ہے کہ ہر ملک کو ویکسین کی مساوی مقدار فراہم کی جاسکتی ہے۔


E-mail: unic.islamabad@unic.org, Web: pakistan.un.org

پاکستان میں یونیسف کی **نمائندہ عائدہ گیرما** نے کہا کہ یونیسف نے کوویکس کی سہولت کے ذریعے پاکستان کو ویکسین کے فراخ دلانہ عطیات دینے پر امریکی حکومت کا شکریہ ادا کرتا ہے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ اور وہ ملک میں مزید ویکسین کی دستیابی کی منتظر ہیں کیونکہ کوویکس کے دیگر شراکت دار ویکسین کی اضافی خوراک فراہم کررہے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ صرف خیر سگالی اور یکجہتی ہی اس وبا کو روکنے میں مدد دے سکتی ہے۔ جب وائرس ایک جگہ بھی پھیلتا ہے تو دنیا کا ہر خطہ خطرے میں پڑ جاتا ہے- خاص طور پر جب یہ مہلک یا زیادہ متعدی شکلوں میں تبدیل ہو جاتا ہے تو یہ سب کے لئے خطرناک ہو جاتا ہے۔ یونیسف کوویکس کی جانب سے پاکستان سمیت کم اور درمیانی آمدنی والے ممالک میں محفوظ، موثر اور سستی کووڈ-19 ویکسین کی خریداری اور فراہمی کے لیے کام جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ یونیسف اپنے موثر طریقہ کار کو استعمال میں لاتے ہوئے کووِڈ 19 کے لئے ضروری سہولیات کی فراہمی اور ویکسینیشن کی مہمات کے انعقاد کے ذریعے پاکستان کی مدد جاری رکھے گا۔ زیادہ مقدار میں ویکسین محفوظ رکھنے کے لئے کولڈ چین (سرد خانوں) کی گنجائش میں اضافہ کیا جائے گا اور خطرات کے بارے میں آگہی کے لئے ابلاغِ عامہ کے ذریعے عوام میں شعور و آگہی میں اضافہ کیا جائے گا۔ اس سے ویکسین پر لوگوں کے اعتماد میں اضافہ ہو گا اور کووڈ 19 سے بچاؤ کے حفاظتی اقدامات پر عمل یقینی بنایا جائے گا۔

وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے ان حفاظتی اقدامات پر سختی سے عمل کرنا انتہائی ضروری ہے۔ ان اقدامات میں کم از کم 20 سیکنڈ تک صابن سے ہاتھ دھونا یا سینیٹائزر استعمال کرنا شامل کریں؛ ماسک پہنیں؛ اور دوسرے لوگوں سے کم از کم چھ فٹ دور رہیں۔ پر ہجوم جگہوں پر جانے سے پرہیز کریں؛ اور کووڈ-19 کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں گھر تک محدود رہیں۔

کوویکس کی سہولت کا مقصد آمدنی کی سطح سے قطع نظر تمام شریک ممالک کو منظور شدہ ویکسین تک تیز رفتار، مساوی اور منصفانہ رسائی فراہم کر کے 2021 کے آخر تک عالمی وبا کے شدید مرحلے سے نمٹنے میں مدد کرنا ہے۔ یہ سہولت فرنٹ لائن ہیلتھ کیئر اور سماجی کارکنوں کے ساتھ ساتھ دیگر زیادہ خطرات سے دوچار گروہوں اور کمزور افراد کا تحفظ ممکن بناتی ہے۔

کوویکس (کووڈ-19 ویکسین گلوبل ایکسس) گاوی، اتحاد برائے وبائی صورتِ حال کے لئے تیاری اور جدت کی ذمہ دار (سی ای پی آئی) کی مشترکہ قیادت میں ڈبلیو ایچ او اور یونیسف کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ اس کی مالی معاونت شراکت دار حکومتوں، فاؤنڈیشنز اور نجی شعبے کی کارپوریشنز کی فیاضانہ مدد کی بدولت کی جاتی ہے۔ اب تک کوویکس دنیا بھر کے 133 ممالک اور علاقوں کو مختلف کووڈ-19 ویکسین کی 90 ملین سے زائد خوراکیں فراہم کر چکا ہے

***

**ایڈیٹرز کے لئے نوٹ**

اب تک کوویکس میں پیشگی عطیہ دینے والے ممالک اور تنظیموں میں آسٹریا، بیلجیم، ڈنمارک، اسٹونیا، فرانس، جرمنی، یونان، آئس لینڈ، آئرلینڈ، اٹلی، لکسمبرگ، نیدرلینڈز، ناروے، اسپین، سویڈن، یورپی یونین، آسٹریلیا، بھوٹان، کینیڈا، کولمبیا، جاپان، کوریا، کویت، موناکو، نیوزی لینڈ، قطر، سعودی عرب،

سنگاپور، سوئٹزر لینڈ، برطانیہ، امریکہ، بے نام فاؤنڈیشن، بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن، کے ایس ریلیف / گیمرز ود آؤٹ بارڈرز، ماسٹر کارڈ، میڈلائن انٹرنیشنل، نکی انک، ریڈ ہیسٹنگز اور پیٹی کوئلن، شیل، تھیسل ڈاؤن فاؤنڈیشن، ٹک ٹاک، ٹرانسفر وائز، سو کر ایڈ شامل ہیں۔

کوویکس کو عطیہ دینے والے عہد کرنے والوں کی فہرست یہاں دستیاب ہے۔

## کوویکس

کوویکس کا تعارف، کووِڈ-19 ٹولز تک رسائی (اے سی ٹی) ایکسلریٹر کے طور پر ویکسین کی فراہمی میں بنیادی ستون کا درجہ رکھتا ہے اور یہ سی ای پی آئی، گاوی اور ڈبلیو ایچ او کی مشترکہ قیادت میں سرگرمِ عمل ہے جو ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک میں ویکسین مینوفیکچررز، یونیسف، عالمی بینک اور دیگر کے اشتراک سے کام کر رہے ہیں۔ یہ واحد عالمی اقدام ہے جو حکومتوں اور مینوفیکچررز کے ساتھ مل کر یہ یقینی بنانے کے لئے کام کر رہا ہے کہ کووِڈ-19 ویکسین دنیا بھر میں زیادہ اور کم آمدنی والے دونوں ممالک میں یکساں دستیاب ہو سکے۔

## سی ای پی آئی

سی ای پی آئی کوویکس ویکسین ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ پورٹ فولیو میں اولین حیثیت کا حامل ہے جو مختلف میدانوں میں ہونہار امیدواروں میں تحقیق و ترقی کے میدان میں سرمایہ کاری کر رہا ہے اور جس کا مقصد ان تین محفوظ اور موثر ویکسینز کی تیاری اور فروغ کے میدان معاونت کرنا ہے جنہیں کوویکس فسلیٹی میں حصہ لینے والے ممالک میں دستیاب ہونا ہے۔ اس کام کے حصے کے طور پر سی ای پی آئی نے متعدد امیدواروں کو کوویکس سہولت کے لئے ممکنہ طور پر ایک ارب سے زائد خوراکوں سے انکار کا پہلا حق حاصل کیا ہے اور ویکسین کی تیاری میں تزویراتی سرمایہ کاری کی ہے جس میں نیٹ ورک پر کوویکس ویکسین کی خوراک تیار کرنے کی صلاحیت محفوظ کرنا اور ویکسین کی 2 ارب خوراکیں رکھنے کے لئے شیشے کی شیشیاں محفوظ کرنا شامل ہیں۔ سی ای پی آئی ویکسین کے امیدواروں کی 'اگلی نسل' میں بھی سرمایہ کاری کر رہا ہے جس سے مستقبل میں کووِڈ-19 کو کنٹرول کرنے کے لئے دنیا کو اضافی صلاحیت حاصل ہو گی۔

## گاوی

گاوی کوویکس کے لئے خریداری اور ترسیل، ڈیزائن اور نفاذ میں ہم آہنگی اور حکومتوں کے ساتھ مل کر ملکی سطح پر تیاری اور ترسیل پر اتحاد کے شراکت داروں یعنی یونیسف اور ڈبلیو ایچ او کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ کوویکس سہولت کووِڈ-19 ویکسین کے لئے عالمی و مرکزی پروکیورمنٹ کا طریقہ کار ہے جس کے ذریعے کوویکس ڈبلیو ایچ او کے ذریعہ وضع کردہ فریم ورک کا استعمال کرتے ہوئے تمام 190 شریک معیشتوں کے لئے ویکسین تک منصفانہ اور مساوی رسائی کو یقینی بنائے گا۔ کوویکس سہولت کی شرکت دار معیشتوں میں قوتِ خرید میں اضافے کی مدد سے ویکسین کے خواہاں امیدواروں کی ایک رینج میں وسعت کی ضمانت فراہم کرکے یہ کام سرانجام دے گا۔ گاوی کوویکس اے ایم سی ایک فنانسنگ میکانزم ہے جو اس سہولت میں 92 کم اور درمیانی آمدنی والے ممالک کی شرکت کے عمل میں مدد کرے گا جن سے محفوظ اور موثر ویکسین کے عطیہ دہندگان کی مالی اعانت سے ویکسین تک رسائی ممکن ہو

پائے گی۔ یونیسف اور پین امریکن ہیلتھ آرگنائزیشن (پی اے ایچ او) کوویکس فیسیلیٹی کے پروکیورمنٹ کوآرڈینیٹر کے طور پر کام کریں گے جس سے تمام شرکاء کو ویکسین پہنچانے میں مدد ملے گی۔

ڈبلیو ایچ او کوویکس متعدد کردار ادا کر رہا ہے: یہ ویکسین پالیسی، ریگولیشن، سیفٹی، تحقیق اور تیاری، مختص کرنا اور ملکی سطح پر تیاری اور ترسیل کے میدانوں میں اعلیٰ پائے کی رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ ویکسین لگانے سے متعلق اس کے ماہرین کا اسٹریٹجک ایڈوائزری گروپ ہے (سیج) جو ثبوت پر مبنی ویکسینیشن پالیسی کے لئے سفارشات تیار کرتا ہے۔ یہ ایمرجنسی یوز لسٹنگ (ای یو ایل) / پری کوالیفکیشن پروگرام کے رکن ممالک میں مربوط جائزہ اور اجازت ناموں کی تیاری کو یقینی بناتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ ویکسین کی حفاظت اور نگرانی پر عالمی ہم آہنگی کے حصول میں رکن ریاست کو مدد فراہم کرتا ہے۔ اس نے کووڈ-19 ویکسین کے لئے ٹارگٹ پروڈکٹ پروفائل تیار کیے ہیں اور تحقیق اور تیاری کے عمل میں معاونت بھی فراہم کرتا رہا ہے۔ ڈبلیو ایچ او یونیسف کے ساتھ ساتھ اس وقت ان ممالک کی مدد سے قیادت کے فرائض سرانجام دیتا ہے جب وہ ویکسین وصول کرنے اور ان کا انتظام کرنے میں مصروف ہوں۔ کنٹری ریڈینس اینڈ ڈیلیوری (سی آر ڈی) ورک اسٹریم میں گاوی اور عالمی، علاقائی اور ملکی سطح پر کام کرنے والے متعدد شراکت دار شامل ہیں جو ویکسین کی منصوبہ بندی اور رول آوٹ کے لئے آلات، رہنمائی، نگرانی اور زمینی تکنیکی معاونت فراہم کرتے ہیں۔ کوویکس کے شراکت داروں کے ساتھ ساتھ ڈبلیو ایچ او محدود وقت کے لئے نقصان کی صورت میں تلافی کی ضمانت دینے کے لئے نو فالٹ سکیم تیار کر رہا ہے۔

یونیسف دنیا میں سب سے بڑے اور واحد ویکسین خریدار کے طور پر اپنے تجربے سے فائدہ اٹھا رہا ہے اور کووڈ-19 ویکسین کی خوراک کے ساتھ ساتھ مال برداری، لاجسٹکس اور سٹوریج کی خریداری پر مینوفیکچررز اور شراکت داروں کے ساتھ کام کر رہا ہے۔ یونیسف پہلے ہی تقریبا100 ممالک کی طرف سے معمول کی ویکسینیشن اور وبا کے جوابی اقدام کے لئے سالانہ دو ارب سے زیادہ ویکسین کی خوراک حاصل کرتا ہے۔ پی اے ایچ او ریوالونگ فنڈ کے تعاون سے یونیسف کوویکس کے لئے کووڈ-19 ویکسین کی خوراک کی خریداری اور فراہمی کی کوششوں میں قیادت کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ یونیسف، گاوی اور ڈبلیو ایچ او چوبیس گھنٹے حکومتوں کے ساتھ مل کر اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کام کر رہے ہیں کہ ممالک ویکسین وصول کرنے کے لئے تیار ہیں، مناسب کولڈ چین آلات موجود ہیں اور صحت کے کارکنوں کو ان کی تقسیم کی تربیت دی جا چکی ہے۔ یونیسف ویکسین پر اعتماد کو فروغ دینے، ویکسین پر اعتماد پیدا کرنے کے لئے ابلاغ عامہ کی سہولت کی فراہمی اور دنیا بھر میں غلط معلومات کا سراغ لگانے اور ان سے نمٹنے کی کوششوں میں بھی مرکزی کردار ادا کر رہا ہے۔

**ویکسین الائنس گاوی کے بارے میں ویکسین الائنس ایک سرکاری اور نجی شراکت داری ہے جو دنیا کے نصف بچوں کو دنیا کو کچھ مہلک ترین بیماریوں سے بچاؤ کے ٹیکے لگانے میں** مدد دیتی ہے۔2000 میں اپنے قیام کے بعد سے گاوی نے 822 ملین سے زائد بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگانے میں مدد دی ہے اور 14 ملین سے زائد اموات کو روکا ہے جس سے 73 کم آمدنی والے ممالک میں بچوں کی شرح اموات کو نصف کرنے میں مدد ملی ہے۔ گاوی صحت کے نظام کی معاونت کے ساتھ ساتھ ایبولا، ہیضہ، مینن جائٹس اور پیلے بخار کی ویکسین کے لئے عالمی ذخائر کی مالی معاونت کے ذریعے عالمی صحت کو بہتر بنانے میں بھی کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ دو دہائیوں کی پیش رفت کے بعد، گاوی اب اگلی نسل کے تحفظ اور اب بھی پیچھے رہ جانے والے ویکسین سے محروم بچوں تک رسائی پر توجہ مرکوز کر رہا ہے، ڈرون سے لے کر بائیو میٹرکس تک اختراعی وسائل اور جدید ترین ٹیکنالوجی کو بروئے کار لا کر - تا کہ لاکھوں مزید جانیں بچائی جا

سکیں، پھیلنے سے پہلے وبا کو روکا جاسکے اور خود کفالت کی راہ پر گامزن ممالک کی مدد کی جاسکے۔ مزید معلومات کے لئے وزٹ کریں www.gavi.org اور فیس بک اور ٹویٹر پر ہمارے ساتھ رابطے میں رہیں۔

ویکسین الائنس ترقی پذیر ممالک اور عطیات دینے والی حکومتوں، عالمی ادارہ صحت، یونیسف، عالمی بینک، ویکسین کی صنعت، تکنیکی ایجنسیوں، سول سوسائٹی، بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن اور نجی شعبے کے دیگر شراکت داروں کو ایک صفحے پر لاتا ہے۔ عطیہ دینے والی حکومتوں اور دیگر ان سرکردہ تنظیموں کی مکمل فہرست دیکھنے لئے یہاں کلک کریں جو گاوی کے کام کے لئے فنڈ فراہم کرتے ہیں۔

###

**یونیسف کے بارے میں**

یونیسف دنیا کے چند مشکل ترین مقامات پر کام کرتا ہے، دنیا کے سب سے زیادہ محروم بچوں تک پہنچنے کے لئے۔ 190 ممالک اور علاقوں میں ہم ہر بچے کے لیے، ہر جگہ، ہر ایک کے لیے ایک بہتر دنیا کی تعمیر کے لیے سرگرمِ عمل ہیں۔ یونیسف اور بچوں کے لئے اس کے کام کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، www.unicef.org پر کلک کریں اور www.unicef.org/pakistan وزٹ کریں۔ کووِڈ-19 کے بارے میں مزید معلومات کے لئے www.unicef.org/coronavirus ملاحظہ فرمائیں۔ کووِڈ-19 ویکسین پر یونیسف کے کام کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں، یا یہاں ویکسینیشن پر یونیسف کے کام کے بارے میں جاننے کے لئے کلک کریں۔ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹا گرام پر یونیسف پاکستان کا صفحہ فالو کریں۔

**ڈبلیو ایچ او کے بارے میں**

**عالمی ادارہ صحت اقوام متحدہ کے نظام کے** اندر رہتے ہوئے صحت عامہ میں عالمی قیادت فراہم کرتا ہے۔ 1948 میں قائم ہونے والا ڈبلیو ایچ او صحت کو فروغ دینے، دنیا کو بیماریوں محفوظ رکھنے اور کمزور لوگوں کی خدمت کے لیے چھ خطوں اور 150 سے زائد دفاتر کی مدد سے 194 رکن ممالک کے ساتھ کام کرتا ہے۔ 2019-2023 کے لئے ہمارا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ مزید ایک ارب افراد کو صحت کی عالمگیر کوریج حاصل ہو، ایک ارب مزید افراد کو صحت کی ہنگامی صورتحال سے بچایا جاسکے اور مزید ارب افراد کو بہتر صحت اور بہبود کی سہولت فراہم کی جائے۔ کووِڈ-19 پر اپ ڈیٹس، خود کو کورونا وائرس سے بچانے کے لئے اور صحت عامہ کے مشورے کے لئے، www.who.int وزٹ کریں کریں اور ٹویٹر، فیس بک، انسٹا گرام، لنکڈ ان، ٹک ٹاک، پنٹرسٹ، سنیپ چیٹ، یوٹیوب پر ڈبلیو ایچ او کو فالو کریں۔ ٹوئٹر اور فیس بک پر ڈبلیو ایچ او پاکستان کو فالو کریں۔